## سوال

(338) عیدگاہ میں امام بوقت خطبہ عیدین خطبہ کے درمیان بیٹھے     الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عیدگاہ میں امام بوقت خطبہ عیدین خطبہ کے درمیان بیٹھے یا نہ بیٹھے سنت کس طرح ہے اور جو خطبہ کے مابین نہ بیٹھے اس کا فعل سنت کے موافق ہے۔ ؟کیا حکم ہے۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عیدین کے خطبے کے درمیان بیٹھنا سنت ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے۔

"السنة ان یخطب الامام فی العیدین خطبتین یفصل بینھما بجلوس رواہ اشافعی کذانی المنتقی"

جو شخص اس کے خلاف کرے۔ وہ خلاف سنت کرتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

**جلد01ص534**

محدث فتویٰ